## <u>الیکشن کمیشن آف پاکستان</u>

## <u>جمہوریت کے عالمی دن کے موقع پر چیف الیکشن کمشنر کا پیغام۔</u>

**مو رخہ 15ستمبر 2020ء**

چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ نے جمہوریت کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ جمہوریت عوام کو اختیارات سے ہم آہنگ کرتی ہے اور انسانی حقوق کے تحفظ کیلئے ماحول مہیا کرتی ہے۔ جمہوری معاشرے انسانی حقوق کا احترام کرتے ہیں اور زیادہ پُر امن، خوشحال اور محفوظ ہوتے ہیں۔

چیف الیکشن کمشنر نے مزید کہا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان ملک میں جمہوری کلچر کے فروغ کے لیئے پُرعزم ہے اور یہ یقینی بناتا ہے کہ ملک میں تینوں درجوں پر آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کا انعقاد ہو۔ جمہوریت کے عالمی دن کے موقع پر ہم ہر شہری کے جمہوری عمل میں شراکت داری کے حق کی تجدید کرتے ہیں۔

***************